
# بچوں کی تعلیم میں والدین کی شمولیت



## راہنما کتابچہ برائے والدین

خیبر پختونخواہ

UKaid

I-SAPS Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

# بچوں کی تعلیم میں والدین کا کردار

بچوں کی بہتر تعلیمی کارکردگی کے لیے والدین کی شمولیت بہت اہمیت رکھتی ہے۔ جب والدین اپنے بچوں کی تعلیم میں دلچسپی لیتے ہیں، تو بچوں کا تعلیم کی طرف رجحان بڑھتا ہے اور ان کے نتائج بھی بہتری کی طرف جاتے ہیں۔ روزمرہ کی سرگرمیاں جیسا کہ بچوں کی کتابوں سے کہانیاں پڑھ کر سنانا، اسکول میں منعقد ہونے والی تقریبات میں شرکت کرنا اور بچوں کو اسکول کی طرف سے دیئے گئے کام میں ان کی مدد کرنا، بچوں کو اس بات کا احساس دلاتا ہے کہ والدین کے لیے انکی تعلیم اہم ہے۔

جو والدین اپنے بچوں کی تعلیم میں دلچسپی لیتے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور ان کو تعلیم کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتے ہیں ان کے بچوں کی تعلیمی میدان میں کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

# والدین کے بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں میں شمولیت کے طریقہ کار

سرکاری اسکولوں میں زیرِ تعلیم طلبہ کے والدین درجہ ذیل طریقوں سے ان کی تعلیم اور اسکول کی سرگرمیوں میں شمولیت اختیار کر سکتے ہیں۔

## ماہانہ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ / PTM

گورنمنٹ اسکول میں ماہانہ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ یعنی PTM کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ کا مقصد والدین کو بچوں کی نصابی اور ہم/غیر نصابی سرگرمیوں میں کارکردگی سے متعلق آگاہ کرنا ہے۔ والدین کی پیرنٹ ٹیچر میٹنگ میں شرکت بچوں کی بہتر تعلیمی کارکردگی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اگر کوئی اسکول ماہانہ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ کا انعقاد نہ کرے تو والدین کو چاہیے کہ اسکول ہیڈ/ پرنسپل یا پیرنٹ ٹیچر کونسل کے ممبران سے اس مسئلے پر بات کریں۔

## واٹس ایپ / Whatsapp گروپس


موبائل فون کی بڑھتی ہوئی رسائی کے پیش نظر سرکاری اسکولوں میں ہر جماعت میں پڑھنے والے بچوں کے والدین کا ایک واٹس ایپ گروپ تشکیل دیاجارہا ہے۔اس گروپ کا مقصد ماں باپ کو طلبہ کی حاضری، ماہانہ امتحانات کے نتائج اور ہم/غیر نصابی سرگرمیوں میں شمولیت اور کارکردگی کے بارے میں بتانا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے استعمال میں موجودموبائل فون نمبرز اسکول انتظامیہ کے ریکارڈ میں موجود ہوں۔

## اسکول بیسڈ اسیسمنٹس / SBA / ماہانہ امتحانات

ہر اسکول میں ماہانہ امتحانات لئے جاتے ہیں جن کو ’’اسکول بیسڈ اسیسمنٹ‘‘ کہا جاتا ہے۔ ماہانہ امتحانات کے ذریعے بچوں کی کارکردگی کو سالانہ امتحانات سے پہلے جانچا جاسکتا ہے۔

والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ ماہانہ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ/ PTM کے دوران متعلقہ اساتذہ سے بچے کے ماہانہ امتحانات کے بارے میں پوچھیں اور نتائج پر تفصیل سے بات کریں۔ چند نئے اقدامات کی تحت والدین کو بذریعہ واٹس ایپ گروپس ماہانہ امتحانات کے نتائج سے آگاہ کیا جائے گا۔


## ای ایم اے ایکسس ایپ/EMA Access Application





صوبہ خیبرپختونخواہ میں EMA/ایجوکیشن مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے ''ای ایم اے ایکسس'' کے نام سےایک موبائل ایپلیکیشن (Mobile Application) کا اجراء کیا گیا ہے۔ اس موبائل ایپلیکیشن کو گوگل پلے سٹور (Google Playstore) سے اینڈرائڈ فون پر ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایپلیکیشن حکومتِ خیبرپختونخواہ کے زیر انتظام سکولوں کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرتی ہے۔ والدین اپنے بچے کے اسکول کا پورا نام درج کرا کے اسکول میں میسر تمام سہولیات جیسا کہ اساتذہ کی تعداد، بنیادی حفضانِ صحت کے اصولوں کے مطابق سہولیات کی فراہمی، اسکول میں موجود کلاس رومز اور دیگر سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

# ای ایم اے ایکسس ایپ کو انسٹال اور استعمال کرنے کا طریقہ

1.




2.





3.




4.




5.



## پیرنٹ ٹیچر کونسل / PTC

پیرنٹ ٹیچر کونسل والدین اور علاقہ مکینوں کی اسکول کی سطح پر رہنمائی کرتی ہے۔ پیرنٹ ٹیچر کونسل والدین، علاقہ معززین اور اساتذہ پر مشتمل ہوتی ہے۔کونسل کے ممبران کاانتخاب اسکول کی جنرل کونسل کے زیرِ اہتمام ووٹنگ کے ذریعے ہر تین سال بعد کیا جاتا ہے۔

## کونسل کا کردار

پیرنٹ ٹیچر کونسل معیاری تعلیم کے فروغ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اسکول انتظامیہ کی معاونت کرتی ہے۔کونسل والدین کے اسکول سے متعلق مسائل کو بھی اسکول کی سطح پر حل کرنے میں بھرپور کردار ادا کرتی ہے۔ پیرنٹ ٹیچر کونسل کی ذمہ داریوں میں اسکول داخلہ مہم، نان سیلری بجٹ (NSB) کا شفافیت سے استعمال، اسکول کے سالانہ ترقیاتی پلان کی تشکیل جیسے اہم اقدامات شامل ہیں۔

پیرنٹ ٹیچر کونسل کی ذمہ داریوں کی تفصیلات پیرنٹ ٹیچر کونسل گائیڈ لائن 2013 میں درج کی گئی ہیں یہ گائیڈ لائن اسکول ہیڈ ٹیچر کے آفس یا پیرنٹ ٹیچر کونسل کے ممبران سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## پیرنٹ ٹیچر کونسل سے رابطہ کرنے کا طریقہ

ہیڈ ٹیچر کے ساتھ ساتھ چند اساتذہ بھی پیرنٹ ٹیچر کونسل کے ممبران ہوسکتے ہیں۔ والدین اپنی شکایات اور سوالات درج کروانے کے لیے اسکول کے اوقات میں ان ممبران سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ والدین کونسل کے پیرنٹ اور جنرل ممبران سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ پیرنٹ ٹیچر کونسل کی میٹنگ کم ازکم تین ماہ میں ایک بار ضرور ہوتی ہے، جہاں اس طرح کے مسائل پر تبادلہ خیال کر کے مناسب حل تلاش کیا جاتا ہے۔

## پیرنٹ ٹیچر کونسل کا ممبر بننے کا طریقہ

پیرنٹ ٹیچر کونسل کا انتخاب بذریعہ ووٹ کیا جاتا ہے۔ والدین پیرنٹ ٹیچر کونسل کی گائیڈ لائنز میں دیئے گئے نامزدگی کے معیار کے مطابق خود کو پیرنٹ ٹیچر کونسل کی رکنیت کے لیے نامزد کرسکتے ہیں۔ رکنیت کے معیار کی تفصیلات پیرنٹ ٹیچر کونسل گائیڈ لائنز 2013 میں تفصیل سے وضع کی گئی ہیں۔


> "والدین اور اسکول دونوں کا بچوں کی تعلیمی کارکردگی میں کلیدی کردار ہے۔ اساتذہ، اسکول انتظامیہ اور والدین کے مابین تعاون ایک مؤثر شراکت داری کی بنیاد رکھتا ہے، جو بچے کی تعلیمی قابلیت کو نکھارنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔"

والدین اور اساتذہ کے مابین رابطے اور تعاون کے باعث بچوں کو پیش آنے والی مشکلات کا بروقت حل نکالا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ والدین کی بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں میں شمولیت سے نظامِ تعلیم کی بہتر کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔

## تحصیل اور ضلعی سطح پر والدین کے نمائندہ گروپ

والدین کی آواز کو محکمہ تعلیم کی ضلعی انتظامیہ اور فیصلہ سازی کے ذمہ داران تک پہنچانے کے لیے، پی ای جی ای/PEGE گروپس تشکیل دیے گئے ہیں۔ پی ای جی ای/PEGE گروپس ووٹنگ کے ذریعے منتخب پیرنٹ ٹیچر کونسل کے ممبران پہ مشتمل ہوتے ہیں۔ والدین اسکول سے متعلق مسائل کو ان گروپس کے ممبران تک پہنچا سکتے ہیں تاکہ وہ اعلیٰ سطح پر ان مسائل کو حل کرا سکیں۔ والدین پی ای جی ای/PEGE کے ممبران کے رابطہ نمبرز اپنے متعلقہ اسکول کی پیرنٹ ٹیچر کونسل کے چیئرپرسن سے حاصل کر سکتے ہیں۔

## تعلیم میں والدین کی شمولیت
## بچوں کے روشن مستقبل کی ضمانت



# روز مرہ معمولات اور بچوں کی تعلیم



## روزانہ کم از کم 20 منٹ بچے تعلیم پر توجہ دیں

ہر روز بچے کے ساتھ اسکی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں گفتگو کریں۔

## بچے کی سکول ڈائری و کاپیاں باقاعدگی سے دیکھیں



اپنے بچے کی اسکول ڈائری اور سکول کے کام کی کاپیاں باقاعدگی سے دیکھیں کہ ان تاکہ ان کی کارکردگی اور تعلیمی پیشرفت سے آگاہ رہیں۔

## خریداری کی فہرست تیار کرنا، عیدی گننا اور اسکا بجٹ بنانا جیسی سرگرمیوں میں شرکت کریں




ایسی سرگرمیوں میں بچوں کو شامل کریں جیسے عید پر عیدی گننا اور اسکو مختلف ضروریات کے لئے تقسیم کرنا، روز مرہ کی خریداری کی فہرست تیار کرنا، وغیرہ تاکہ تعلیم کو روزمرہ کی زندگی کا حصہ بنایا جا سکے۔

## بچوں کے ساتھ ملکر اخبار بینی اور متفرق سرگرمیوں کی مشق کریں




بچوں کی خواندگی کی مہارت بہتر کرنے کے لئے اخبار پڑھنے کی مشق میں شامل کریں۔ انکی دلچسپی کے لئے،اخبارات میں شامل نقشے یا تصویری خبریں دکھائیں، کارٹون کہانی انکے ساتھ مل کر پڑھیں، نئے الفاظ کی تلاش کریں، وغیرہ۔

## کہانی سنانا اور لکھنا



بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے دن بھر کے تجربات کو کہانی کی شکل میں سنائیں یا لکھیں۔ اس سے ان کی تخلیقی صلاحیتیں اور زبان کی مہارت بہتر ہو گی۔